فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا فَاۡذَنُوۡا بِحَرۡبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ
(پھر اگر تم نے یہ نہ کیا [یعنی سود سے باز نہ آئے] تو اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ)

فَاۡذَنُوۡا (ءذن) ← کان ← یعنی کان میں (یہ بات) ڈال لو - جان لو - معلوم کرو
اِسی لیے اِس کا ترجمہ 'اعلان' کیا جاتا ہے - یعنی تمہیں خبردار کیا جاتا ہے -

اگر تم سودی لین دین نہیں چھوڑنا چاہتے تو کان کھول کر سُن لو کہ پھر اعلان جنگ ہے اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے - یہ الفاظ کسی اور چیز کی مذمت میں قرآن میں نہیں آئے ہیں - سب سے زیادہ سخت انداز ڈانٹ اور ملامت کا یہی ہے -

آج اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی مدد کیوں نہیں کر رہا ہے ؟ یہ سوچنے کی بات ہے - آج ایک بھی کوئی مسلمان ملک نہیں جہاں بالکل بھی سودی لین دین نہ ہو -

سود کا لین دین نہ چھوڑنا اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کے لیے للکارنا ہے - یہ کوئی معمولی بات نہیں - کس کی ہمت ہے کہ وہ اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کر سکے ! اگر کوئی اللہ اور رسول کے مقابلے میں جنگ کرنے آئے تو وہ بچ کر جا ہی نہیں سکتا - یہ شدید قسم کی تنبیہ (Warning) ہے - اللہ اور رسول سے جنگ کرنے والا کبھی کامیاب ہو ہی نہیں سکتا -

وَاِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ
(اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لیے تمہارے اصل مال ہی ہیں)

عربی زبان میں "عَادَ" اور "تَابَ" دونوں کا معنی پلٹ آنا ہے، لوٹنا -
عَادَ ← فرمانبرداری (obedience) سے نافرمانی کی طرف لوٹنا -
تَابَ ← نافرمانی سے فرمانبرداری کی طرف لوٹنا -
[آیت 275 میں یعنی سود کی شروعات کی آیت میں عَادَ کا لفظ آیا ہے اور آخر میں یہاں تُبۡتُمۡ آیا ہے -]
تم سود کو چھوڑ دو اور پہلے جو کچھ سودی لین دین کیے تھے اُس سے توبہ کر لو - توبہ کے تمام شرائط کے ساتھ توبہ کر لو - اللہ کی طرف پلٹ آؤ -

اگر تم توبہ کر لو تو اپنی اصل رقم وصول کرنے کا تمہیں حق حاصل ہے - مثلاً اگر تم نے کسی کو ایک ہزار روپئے قرض دیا تھا تو ایک ہزار ہی واپس لے لو، اُس سے زیادہ رقم نہیں لے سکتے کیونکہ وہ سود ہوگا -

لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ
(نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے -)

لَا تَظۡلِمُوۡنَ (نہ تم کسی پر ظلم کرو) ← یعنی اپنے اصل مال سے زیادہ نہ لو کہ دوسروں پر ظلم ہو -

وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ (اور نہ تم پر ظلم کیا جائے) ← یعنی یہ بھی نہ ہو کہ تمہارا اصل نہ لوٹایا جائے -

تمہیں تمہارا اصل مل جائے اور دوسروں سے اُن کا سود معاف کر دیا جائے -

لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ ← نہ کسی کو نقصان دو اور نہ خود نقصان اٹھاؤ -